اعتماد 19 MAR 2020

عائشہ جبین کو مسلم خواتین کے عائلی مسائل پر پی ایچ ڈی

حیدرآباد۔ 18 مارچ (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی شعبۂ تعلیم نسواں کی اسکالر عائشہ جبین دختر محمد غوث کو پی ایچ ڈی کا اہل قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے اپنا مقالہ ''مسلم خواتین کے عائلی مسائل کا تنقیدی جائزہ (شہر حیدرآباد کے دارالقضات اور فیملی کورٹ کے حوالے سے)'' ڈاکٹر آمنہ تحسین اسٹنٹ پروفیسر کی نگرانی میں مکمل کیا۔ ان کا وائیوا 27 جنوری 2020ء کو ہوا تھا۔ اس سے قبل عائشہ جبین نے 2012ء میں ڈاکٹر آمنہ تحسین کی زیرنگرانی ایم فل کیا جس کا موضوع ''مسلم خواتین کا حق مہر اور سماجی نظریات (شہر حیدرآباد کے تناظر میں ایک جائزہ)'' تھا۔

Scanned with CamScanner